سبق-26

# آؤ کھلیں کھیل

| |
|---|
| دلچسپ ، معلومات ، اضافہ ، تعلیمی کھیل ، لطف ، بے وفا ، رسیلا ، گھونسلہ،دعوت،تعداد،فرق، |

بچے ہوں یابڑے سب کوہی نئے نئے اور دلچسپ کھیل کھیلنے میں مزہ آتا ہے۔ کھیل کھیل میں ہی دماغ پر زور ڈال کر آپ اپنی معلومات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اب ذرا ان دونوں تصویروں کوہی غور سے دیکھیے اور بتایئے دونوں میں کیا فرق ہے؟



بچّو ! آپ نے بہت سے کھیل دیکھے ہوں گے اور کھیلے ہوں گے۔ آج آپ کلاس میں ایک تعلیمی کھیل بھی کھیلیں گے ۔اس کھیل میں کچھ جملے دیئے گئے ہیں۔ ہر جملہ میں ایک لفظ غلط ہے ۔اُسے سوچ کر نیچے دیئے ہوئے باکس میں لکھنا ہے۔

(الف)(1) میں شام کو ناشتہ کرتا ہوں۔

(2) بلّی آدمی کے گھر کی حفاظت کرتی ہے۔

(3) گائے اون دیتی ہے۔

(4) مچھلی ہوا میں تیرتی ہے۔

(5) ہم چاقو سے لکھتے ہیں۔

(6) ہم کھانے میں صابن استعمال کرتے ہیں۔

(7) چاند دن میں نکلتا ہے۔

(8) آج اتوار ہے۔

(9) دو اور دو پانچ ہوتے ہیں۔

(10) ڈاکیہ خط لکھتا ہے۔

(ب) خانوں میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی مقامات بھریئے:-

(1) آسمان کا رنگ کیسا ہے؟ ن-ی-ل-ا

آسمان............ ہے

(2) بچّہ کہاں سوتا ہے؟ ج-ھ-و-ل-ا

بچّہ............ میں سوتا ہے۔

(3) تم کہاں رہتے ہو؟ ر-ا-ئ-پ-و-ر

میں............ میں رہتا ہوں۔

(4) تم کتنے سال کے ہو؟

| | | |
|---|---|---|
| ت | ا | س |

میں.........سال کا ہوں۔

(5) گائے کیا کھاتی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| س | ا | ھ | گ |

گائے.........کھاتی ہے۔

(6) سورج ہم کو کیا دیتا ہے؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ی | ن | ش | و | ر |

سورج ہم کو.........دیتا ہے۔

(8) کیا کتّا بے وفا جانور ہے؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ر | ا | د | ف | و |

کتّا...............جانور ہے۔

(9) مچھلی کہاں رہتی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | ن | ا | پ |

مچھلی..........میں رہتی ہے۔

(ج) نیچے دیئے گئے ہر سوال کے چاروں جملوں کو پڑھیئے اور دیئے گئے خانوں کے حروف ملا کر الفاظ کو پورا کیجیئے

(1) میرے دو پہیے ہیں،

| | | | |
|---|---|---|---|
| ک | ء | ا | س |

تم میرے اوپر بیٹھ سکتے ہو۔

میری ایک گھنٹی ہے۔

میری ایک سیٹ ہے۔

(2) میں ایک درخت پر لگتا ہوں،

| | | |
|---|---|---|
| ب | | س |

میں لال ہوں،

میں رسیلا ہوں،
میں ایک پھل ہوں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | ڑ | و | چ |

(3) میں کانچ کی بنی ہوں۔
لڑکیاں مجھے پہنتی ہیں،
میں ہر رنگ کی ہوتی ہوں
میں جلدی ہی ٹوٹ جاتی ہوں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ی | ڑ | چ |

(4) میں اڑتی ہوں،
میرے بازو ہیں،
میں پھدکتی ہوں،
میں چھتوں میں تنکوں سے گھونسلہ بناتی ہوں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ھ | | | د |

(5) میں سفید ہوں،
بلّیاں مجھے پسند کرتی ہیں
تم مجھے پی سکتے ہو۔
میں تم کو طاقتور بناتی ہوں۔

## مشق اور سوالات

1۔ نیچے کے جملوں میں صحیح املا والے الفاظ لکھئے:-

(1) ................پانی بھرلائی۔ (عورت/اُورت)

(2) احمد نے ...................... کھائی (داوت/دعوت)

(3) روز اُٹھ کر منہ دھونا چاہئے۔ (سبح/صبح)

(4) کھانا ................ سے کھانا چاہئے۔ (طریقہ/تریقہ)

(5) اپنا بستہ ................ رکھو۔ (صاف/ساف)


(6) ڈاکیہ ................ لاتا ہوں (خط/خت)

2۔ نیچے لکھے ہوئے الفاظ کی مناسبت سے نیچے کے خانے میں لفظ لکھئے۔

جیسے۔ سفید طوطا سورج پتّی میاؤں ٹِک ٹِک

انڈا

3۔ تصویر میں گن کر تعداد لکھیں۔




چڑیاں


پتّیاں

پھول

پھل

4۔ آؤ ایک مزیدار کھیل کھیلتے ہیں۔ یہ کھیل کچھ کچھ کارڈوں سے کھیلیں گے۔ ان میں سے ہر کارڈ پر ایک تصویر، ایک لفظ اور کچھ نمبر لکھے ہوئے ہیں۔ نمبروں کو دیکھو اور اس نمبر کا کارڈ نکالو۔ پھر ان کارڈوں کو الگ الگ طرح سے جماؤ۔ دیکھو ان سے کئی طرح کے جملے بن جائیں گے۔











| | | |
|---|---|---|
| 10 رہا ہے | 11 رہی ہے | 12 دیتا ہے |
| 13 دیتی ہے | 14 رہا تھا | 15 رہی تھی |

دیئے گئے کارڈوں سے 1، 4، 9، 10 عدد لیجیے۔ اُن سے جملے بنائیے۔




| | |
|---|---|
| 9 سونگھ | 10 رہا ہے |

منا پھول سونگھ رہا ہے۔

اب ہم نے پھر کارڈ سے 2، 5، 8، 11 کے نمبر لئے اُس سے جملہ بنا۔

منّی آم کھا رہی ہے۔

اب اسی طرح نمبروں سے تصویروں کو ملایئے اور جملے بنایئے۔

11،7،3،2　　　15،8،5،2

11،9،4،2　　　10،6،1

اس طریقہ سے اب تم کافی جملے بنا سکتے ہو۔

آؤ:! ان کارڈوں کی مدد سے ایک کہانی بنا کر دیکھتے ہیں۔

ایک دن باغ میں [2] [5] [7] [15] تبھی وہاں [1] آیا [2] [نے] [1] کو ایک [5] [7] کردیا۔ [1] خوش ہوکر [5] [8] [14] تبھی وہاں مالی آ گیا۔ مالی کو دیکھ کر [1] اور [2] نے [6] لگائی اور بھاگ گئے۔

5۔ اس نظم کو زبانی یاد کرو اور سب مل کر ترنم سے گاؤ۔

آؤ آنکھ مچولی کھیلیں　　مل کر سب ہم جولی کھیلیں
آغا باقر رانی آؤ　　گڈو کو اب چور بناؤ
چور کی آنکھ پہ پٹّی باندھو　　دیکھ نہ پائے ایسی باندھو
دھیرے دھیرے قدم بڑھاؤ　　پیڑ کے پیچھے سب چھپ جاؤ
دیکھو شور نہ ہونے پائے　　چور کھڑا ہے کان لگائے
آہٹ سُنتے ہی لپکے گا　　بجلی بن کر ٹوٹ پڑے گا
گڈو ہاتھ لگا جائے گا　　تم کو چور بنا جائے گا

آؤ آنکھ مچولی کھیلیں
مل کر سب ہمجولی کھیلیں

کھیل:



پُل پار کرو:- دو اینٹوں کو چار پانچ قدم کی دوری پر رکھئے۔ان پر ایک پٹیہ رکھ کر پُل بنائیے اس پل پر چل کر اُسے پار کیجیئے۔

پہیہ چلاؤ:- (سائیکل،.............. بڑا پہیہ)




میدان میں ایک لمبی اور سیدھی لکیر کھینچو۔اس لکیر پر پہیہ چلاؤ۔

رسّی پر چلنا:-

رسی بغیر چھوئے دوڑ لگائیے۔




ایک رسّی کو میدان میں گھماؤ دے کر رکھئے۔اس کو دونوں پیروں کے درمیان رکھتے ہوئے ایک سرے سے دوسرے سرے تک دوڑ کر نکلئے۔خیال رہے پیر رسی کو نہ چھو پائیں۔




ایک چھوٹے سے گھیرے میں کچھ گول گپّے رکھئے۔اس گھیرے کے آس پاس ایک بڑا گھیرا بنا کر کھڑے ہو جایئے۔ اپنے ہاتھ میں بھی ایک ایک گول گپّا رکھئے۔باری باری سے گول گپّوں کے ڈھیر پر اپنے ہاتھ کا گول گپّا وہیں کھڑے کھڑے ماریں ۔جو اس طرح زیادہ گول گپّے چھوٹے گھیرے سے باہر نکالے گا وہ جیت جائے گا۔

ورزش:-

استاد یا آپ میں سے کوئی بچہ سلسلہ وار 1، 2، 3 گنتی بولے باقی تمام بچے تصاویر کے مطابق تسلسل سے کوئی ورزش کریں۔ ہر ورزش شروع کرنے سے پہلے سیدھے کھڑے ہوں۔



# देश हमारा सबसे प्यारा



## राष्ट्रगान

**जनगणमन-अधिनायक जय हे,**
**भारत-भाग्य-विधाता!**
**पंजाब, सिन्धु, गुजरात, मराठा,**
**द्राविड़, उत्कल, बंग,**
**विंध्य, हिमाचल, यमुना, गंगा,**
**उच्छल जलधि-त रंग!**
**तव शुभ नामे जागे,**
**तव शुभ आशिष माँगे,**
**गाहे तव जयगाथा।**
**जनगण मंगलदाय क जय हे,**
**भारत -भाग्य-विधाता।**
**जय हे! जय हे! ज य हे!**
**जय जय जय, जय हे!**

★★★

(हर देश का अपना एक विशिष्ट झंडा और राष्ट्रगान होता है। ''तिरंगा झंडा'' भारतवर्ष का राष्ट्रध्वज है और ''जनगणमन'' राष्ट्रगान। राष्ट्रध्वज में ऊपर की पट्टी केसरिया रंग की और नीचे की हरे रंग की होती है। बीच की सफेद पट्टी के बीचों बीच 24 शलाकाओं का नीले रंग में गोल–चक्र होता है। केसरिया रंग त्याग का सफेद शांति का और हरा रंग प्रकृति की सुंदरता का प्रतीक है। चक्र का स्वरूप अशोक की सारनाथ–स्थित सिंहमुद्रा में अंकित चक्र की भाँति है। यह चक्र सत्य और सब धर्मों का प्रतीक है।

राष्ट्रगान की रचना गुरुदेव रवीन्द्रनाथ ठाकुर ने की थी। इसमें संपूर्ण देश के लिए मंगल–कामना है। राष्ट्रगान और राष्ट्रध्वज का सम्मान करना हमारा कर्त्तव्य है। जब राष्ट्रगान गाया जाय या उसकी धुन बजाई जाय अथवा राष्ट्रध्वज फहराया जाय, तब हमें सावधान की स्थिति में खड़े होकर इसे सम्मान देना चाहिए।)



छत्तीसगढ़ पाठ्यपुस्तक निगम, रायपुर